گیت ہمارے...۱
چار سے چھ سال تک کے بچوں کے لیے
امجد اسلام امجد

گیت ہمارے...۱

چار سے چھ سال تک کے بچوں کے لیے

امجد اسلام امجد

سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور

انتساب

حیدر علی، ابراہیم ذی شان

اور

موسیٰ ذی شان کے نام

دیباچہ

یوں تو اُردو میں کسی بھی عمر کے بچوں کے لیے اچھے، معیاری، خوبصورت اور دلچسپ گیتوں اور نظموں کی تعداد بہت کم ہے مگر نرسری، Play Group اور KG کے بچوں کے فن میں تو کم وبیش قحط کی سی صورتِ حال ہے صوفی تبسم صاحب نے کسی حد تک اس طرف توجہ دی تھی لیکن عمومی طور پر بچوں کے لیے لکھنے والوں نے اس Age Group کو تقریباً نظر انداز ہی کیے رکھا ہے اس عمر کے بچوں کے کان اُن کے پڑھنے اور سمجھنے کی صلاحیت سے نسبتاً زیادہ مستعد ہوتے ہیں چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ انگریزی کی جو نظمیں اور گیت Nursery Rhymes کے نام سے رائج رہیں اُن میں زیادہ زور موسیقی اور الفاظ کے آہنگ پر دیا جاتا ہے یعنی اُن کی دھنیں فوری طور پر بچوں کو اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہیں اور آسانی سے یاد ہو جاتی ہیں چاہے معنوی اعتبار سے الفاظ کا کوئی واضح مطلب ہو یا نہ ہو مثال کے طور پر Humpty Dumpty, Hickory dickory dock یا Londen Bridge is falling down پر ایک نظر ڈالی جا سکتی ہے۔

میں نے پی ٹی وی کے لیے بچوں کے کچھ بہت مقبول پروگراموں مثلاً ”آنگن آنگن تارے“ اور ”ہم کلیاں ہم تارے“ میں موسیقار خلیل احمد مرحوم کے ساتھ مل کر اس نوع کے کچھ گیت لکھے تھے ان میں سے جن کے سکرپٹ میرے پاس محفوظ تھے وہ اس کتاب میں شامل کر دیئے گئے ہیں ان کے علاوہ کچھ اور گیت اور نظمیں بھی خاص طور پر اسی عمر کے بچوں کو سامنے رکھ کر لکھی گئی ہیں کوشش ہے کہ ان سب کو نئے سرے سے کمپوز اور ریکارڈ کروا کے CD کی شکل میں بھی مہیا کر دیا جائے کہ یہ ان کا تقاضا بھی ہے اور وقت کی ضرورت بھی اور اس کے لیے ہم سب سنگ میل پبلی کیشنز کے شکر گزار ہیں۔ اُمید ہے کہ یہ گیت بچوں، والدین اور اساتذہ سب کو پسند آئیں گے۔

فہرست

ہم نے دیکھا اِک روبوٹ
پہنے تھا وہ ⭐اوور کوٹ

دھیرے دھیرے چلتا تھا وہ
ٹم ٹم ٹم ٹم جلتا تھا وہ

ناک تھی اُس کی آلو جیسی
آنکھیں تھیں جیسے اخروٹ
ہم نے دیکھا اِک روبوٹ

اچھا سا اِک نام تھا اُس کا
چلتے رہنا کام تھا اُس کا

فوراً واپس مُڑ جاتا تھا
کہتے تھے جب اُس کو "لوٹ"

ہم نے دیکھا اِک روبوٹ
پہنے تھا وہ اوور کوٹ

الف سے ابو الف سے امی
ب سے بہن اور بھائی
پ سے اپنا پیارا پیارا پیارا پاکستان

اس کے رستے باغوں جیسے
جگنو، چاند، چراغوں جیسے
خوشبو خوشبو موسم سارے، بھرے پُرے کھلیان
پ سے اپنا پیارا پیارا پیارا پاکستان

شہد سے میٹھا نام ہے اس کا
روشن ہر اک بام ہے اس کا
ایک لڑی کے موتی ہیں سب بچے، پیر، جوان
پ سے اپنا پیارا پیارا پیارا پاکستان

ایک تھا مُلّا نصر الدین
کرتا تھا باتیں نمکین
کام تھا اس کا احمق بننا
سیدھی بات کو الٹا کرنا
کھانے پینے کا شوقین
ایک تھا مُلّا نصرالدین

اس سے ہیں منسوب لطیفے
مزے مزے کے ڈھیروں قصے
خوشیوں کی تھا ایک مشین
ایک تھا مُلّا نصرالدین

ایک گدھا تھا اس کے پاس
ایک گدھی تھی جس کی ساس
اور بچے تھے اس کے تین
ایک تھا مُلّا نصرالدین

ون ٹو تھری فور
سب نے مل کر ڈالا شور
پکنک پر ہم جائیں گے
کھیلیں کودیں گائیں گے
جنگل میں دیکھیں گے مور
ون ٹو تھری فور

فور فائیو سکس اینڈ سیون
پاک وطن ہے اپنا گلشن
اس کے پیارے پھول ہیں ہم
یہ عامل، معمول ہیں ہم
مہکا مہکا روشن روشن

فور فائیو سکس اینڈ سیون

سیون ایٹ نائن ٹین
لے کر اپنا اپنا پین*
ایم سے لکھو تم ملتان
ڈی سے ڈیرہ غازی خان
ای سے ایگ* اور ایچ سے ہین*
سیون ایٹ نائن ٹین

Hen ☆ Egg ☆ Pen ☆

آیا ننجا☆ ٹرٹل آیا
ہر بچے کے دل کو بھایا
بھول گئے سب ہاتھی گھوڑے
ایسا اس نے رنگ جمایا
آیا ننجا ٹرٹل آیا

فلموں میں ہے اس کا چرچا
ویڈیو گیم میں شہرہ اس کا
کارٹون میں سب پر چھایا
آیا ننجا ٹرٹل آیا

جب سے پایا ہے مُوسیٰ نے
جتنے بھی تھے کھیل کھلونے
سب سے اس کا دل اُکتایا
آیا ننجا ٹرٹل آیا

☆ Ninja Turtle

پھُولوں میں لہرائے تِتلی
کیسے اُڑتی جائے تِتلی
رنگ پھر اُس کے کھو جاتے ہیں
ہاتھوں میں جب آئے تِتلی

نیلے، پیلے، ہرے، گلابی، سرخ، سفید اور کالے
نازک نازک پَروں پہ اُس کے، کیسے نقش نرالے
ست رنگی پوشاک پہن کر
کیا کیا روپ دکھائے تتلی
پھولوں میں لہرائے تِتلی

کھلی ہوا میں اُڑتے پھرنا اس کی ہے پہچان
سب آنکھوں کو جگمگ کرنا اس کا دِین ایمان
آزادی ہے کیسی نعمت
ہم کو یہ بتلائے تِتلی
پھولوں میں لہرائے تتلی
کیسے اُڑتی جائے تِتلی

اَکڑ ڈکڑ پمبا پو
اسّی نوّے پورا سو
ایک سے لے کر سو کے اندر
سارے ہندسے آجاتے ہیں
جتنے بھی اعداد ہیں سارے
اپنی منزل پا جاتے ہیں
آؤ انہیں گن کر دیکھو
اَکڑ ڈکڑ پمبا پو
اسّی نوّے پورا سو
ضرب، جمع، تقسیم کے کلئے
یا کوئی تفریقی گنجھل
عرض☆ بلد یا طول☆ بلد ہو
بستی بستی، ساحل ساحل

Latitude ☆ Longitude ☆

ان کو نا پو، دیکھو، پرکھو
اُکڑ ڈکڑ پمبا پو
اسّی نوّے پورا سو

دادا جی ہیں ساٹھ برس کے
منی پونے دو کی ہے
لندن سے لاہور ہے کتنا!
کتنے میل کراچی ہے!

سب کے بارے میں جانو
اُکڑ ڈکڑ پمبا پو
اسّی نوّے پورا سو

ہم نے کل اِک ڈنکی (Donkey) دیکھا
کان تھے اس کے لمبے لمبے
دُم، پر اس کی چھوٹی سی تھی
پیٹھ پہ اس کی بوجھ لدا تھا
اور گلے میں اک رسّی تھی

ہم نے کل اِک ڈنکی (Donkey) دیکھا
سر کو جُھکا کے چلتا تھا وہ

ڈھینچوں ڈھینچوں کرتا تھا وہ
ہر اک کے وہ کام آتا تھا
گدھا ہی پھر بھی کہلاتا تھا
ہم نے کل اِک ڈنکی دیکھا

دیکھو میری باربی ڈال
دیکھو میری باربی ڈال
نیلی نیلی آنکھیں اس کی
خوب سنہرے بال
دیکھو میری باربی ڈال

کپڑے اس کے رنگ رنگیلے
اُجلے اُجلے اور چمکیلے
آنکھوں کو مٹکاتی ہے یہ
بالوں کو لہراتی ہے یہ

اچھے اچھے پیارے پیارے
کیا کیا گیت سناتی ہے یہ
دنیا بھر کی گڑیاؤں میں
اس کی نہیں مثال
دیکھو میری باربی ڈال
دیکھو میری باربی ڈال

ماموں آئے۔ ماموں آئے
گاڑی کی ڈگی میں بھر کر
ڈھیروں ڈھیر کھلونے لائے
ماموں آئے۔ ماموں آئے

مُنّی کی جاپانی گڑیا، ننھے کا چینی روبوٹ
چاکلیٹ کہ جس کے اندر بھرے ہوئے بادام اخروٹ
ہمیں کِھلاتے ہیں وہ بسکٹ خود پیتے ہیں چائے

ماموں آئے۔ ماموں آئے

امّی اُن کو بھیا بولیں، ابا بولیں یار
کبھی نہیں وہ کرتے ہم سب بچوں کو انکار
لیتے ہیں ہر کام سے پہلے ہر بچے کی رائے
ماموں آئے۔ ماموں آئے

چمکو چمکو پیارے تارو
رنگوں اور امیدوں والے
آنکھوں میں پھر خواب اُتارو
چمکو چمکو پیارے تارو

رات بہت ہے کالی کالی
گلیاں ہیں سب خالی خالی
ہوا چلے تو ڈر لگتا ہے
سُونا سُونا گھر لگتا ہے
روشن سارے منظر کر دو
دنیا کو خوشیوں سے بھر دو

چمکو چمکو پیارے تارو

چُپکے سے کھڑکی میں آؤ

اچھے اچھے گیت سناؤ

سب سے بچ کر سب سے چھپ کے

بات کریں گے چپکے چپکے

بادل سے تم دُور ہی رہنا

جو کہنا ہو... ہم سے کہنا

چمکو چمکو پیارے تارو

رنگوں اور امیدوں والے

آنکھوں میں پھر خواب اُتارو

چمکو چمکو پیارے تارو

تِتلی پیاری تِتلی
جب اپنے گھر سے نِکلی
ناچے پھُول اور پتّے
رنگوں نے کھیلی کِکلی
تِتلی پیاری تِتلی

رنگوں کی بارات
چلے ہے اس کے ساتھ
کلی کلی گھومے
ہاتھوں میں ڈالے ہاتھ
تِتلی پیاری تِتلی
جب اپنے گھر سے نکلی

پھول پھول منڈلائے
کس کی کھوج میں آئے
ہیں رنگ تمہارے کتنے
گِنا نہ ہم سے جائے
تِتلی پیاری تِتلی
او تِتلی پیاری تِتلی

گلزار بنا دیں گے
اس پاک زمیں کو ہم
تاروں سے سجا دیں گے

پہچان ہماری ہے
یہ پاک زمیں یارو
جند جان ہماری ہے

کرنوں کے اشارے ہیں
یہ چاند ہمارا ہے
ہم اس کے ستارے ہیں

اک چاند اک تارا ہے
لہراتا ہوا پرچم
اعلان ہمارا ہے

تعمیر کی صورت ہے
اس دیس کا ہر بچہ
تعبیر کی صورت ہے

ٹُن ٹُن ٹُن تارا
بجے رات کے بارہ
چھت پر بِلّی بھاگی ہے
نیند سے گڑیا جاگی ہے
بِلّی نے اِک چُوہا مارا
ٹُن ٹُن ٹُن تارا
بجے رات کے بارہ
گلی میں بولا چوکیدار
چوروں سے رہنا ہشیار

اتنے میں گھڑیال پکارا
ٹُن ٹُن ٹُن تارا
بجے رات کے بارہ

کہتی ہے یہ رات کی رانی
بادل کے اندر ہے پانی

مارا بجلی نے لشکارا
ٹُن ٹُن ٹُن تارا
بجے رات کے بارہ

لالالالالالا - وکی، قاسم، علی رضا - لالالالالالا
دل میں لے کر چوکے چھکے۔ کرکٹ کے میدان میں پہنچے
افضل اور عثمان بھی آئے۔ ذی شان اور سلمان بھی آئے
اپنے اپنے ساتھی چن کے۔ ٹاس کی خاطر کیپٹن نکلے
ٹیموں میں پھر میچ پڑا - لا لا لا لا لا لا لا

وکی بالنگ کرنے نکلا - لمبا سا اسٹارٹ تھا اس کا
قاسم نے جب بیٹ گھمایا - پہلے بال پہ چوکا مارا
اگلی گیند پہ کیچ جو اچھلا - ابراہیم نے بھاگ کے پکڑا

پھر تو آیا خوب مزا - لا لا لا لا لالا لا

پھر تو ڈھیروں رنز☆ بنے - چوکے چھکے خوب لگے

کھیل کا ہر پل رنگ نیا - وکٹ اڑی تو کیچ گرا

رن آؤٹ☆ جو ہوا اولیس - چھڑ گئی آپس میں یہ بحث

آؤٹ وہ آخر تھا، نہ تھا - لا لالالالالالا

Run Out ☆ Runs ☆

پھول کھلے ہیں ڈالی ڈالی
رُت آئی ہے خوشیوں والی
مل کر خوب بجائیں تالی
کہ ہو گئی سنچری لو ہو گئی سنچری
سب سے اچھے سب سے پیارے آنگن آنگن تارے کی
لو ہو گئی سنچری کہ ہو گئی سنچری
شاوا شاوا بلّے بلّے بک اپ بک اپ ویل ڈن ویل ڈن
کہ ہو گئی سنچری لو ہو گئی سنچری

"آنگن آنگن تارے" نے جو دھنک سجائی گیتوں کی
سُر سنگیت کی شمع جلا کر بزم جمائی گیتوں کی
اس نے کیا کیا رنگ نکھارے
سب سے اچھے سب سے پیارے آنگن آنگن تارے کی
لو ہو گئی سنچری کہ ہو گئی سنچری
شاوا شاوا بلّے بلّے بک اپ بک اپ ویل ڈن ویل ڈن

کیسے کیسے گیت بُنے اور کیا کیا راگ سنائے
سو ہفتوں میں کیسے کیسے پیارے رنگ دکھائے
سُر میں کیا کیا چاند اتارے۔۔
سب سے اچھے سب سے پیارے آنگن تارے کی
لو ہو گئی سنچری کہ ہو گئی سنچری
شاوا شاوا بلّے بلّے بک اپ بک اپ ویل ڈن ویل ڈن
کہ ہو گئی سنچری۔ لو ہو گئی سنچری

آفت کی پَر کالی

نام قمر ہے جس لڑکی کا آفت کی پَر کالی ہے
ہر اک کام انوکھا اس کا ہر اک بات نرالی ہے

اپنے آپ میں گُم ہے لیکن دھیان یہ سب کا رکھتی ہے
اک لمحے میں رو دیتی ہے اک لمحے میں ہنستی ہے
چھوٹی ہے باجی سے لیکن منے کی یہ آپا ہے
میٹھی میٹھی باتیں اس کی تیز نہایت غصہ ہے

پیاری پیاری آنکھیں اس کی گھونگریالے بال
کوئل سی آواز ہے اس کی، ہرنی جیسی چال

سارے بچے اس کو اپنا دوست بناتے ہیں
ہر پرچے میں نمبر اس کے اچھے آتے ہیں

بچوں کے لیے مصور کہانیاں

کتاب	مصنف
بارہ مہینے	کشور ناہید
مغرور گھوڑا	کشور ناہید
سونے کی کلہاڑی	کشور ناہید
آزادی کی خوشی	کشور ناہید
پرندوں کا بادشاہ	کشور ناہید
گھاس کی گڑیا	کشور ناہید
ہر طرف سے ہوشیار رہنا چاہیے	کشور ناہید
ٹیڑھا درخت	کشور ناہید
آنکھ مچولی (نظمیں)	کشور ناہید
سنہرا دریا	موکو ہاتو جو
ایک کان والا ہرن	موکو ہاتو جو
کلیلہ دمنہ	انتظار حسین
اسلم کی بلی	افضال احمد
ایک بچہ ایک جگنو	افضال احمد
عجیب چڑیا	افضال احمد
ایک گدھا شیر بنا	افضال احمد
بچوں کی نظمیں	افضال احمد
فاختہ اور لومڑی (انوار سہیلی کی کہانیاں)	
پہلا تارا	رضا علی عابدی
پہلی کرن	رضا علی عابدی
میری امی	رضا علی عابدی
پیاری امی	رضا علی عابدی
پہلی گنتی	رضا علی عابدی
گنگناتا قاعدہ	رضا علی عابدی
بندر کی اب پ	رضا علی عابدی
چوری چوری چپکے چپکے	رضا علی عابدی
چوری چوری چپکے چپکے (بڑی کتاب)	رضا علی عابدی
نٹ کھٹ لڑکا	رضا علی عابدی
مُن مُن	رضا علی عابدی
چمپا	رضا علی عابدی
الٹا گھوڑا	رضا علی عابدی
ظالم بھیڑیا	رضا علی عابدی
کمال کے آدمی	رضا علی عابدی
قاضی جی کا اچار	رضا علی عابدی
پاکستان	پیٹر ایونز
چچا چھکن	امتیاز علی تاج
ہونہار بیٹی	ڈاکٹر نیلم
نانو کی عینک	رسکن
کم کی کہانی اور چیتے کے نشان	رُڈیارڈ کپلنگ
موگلی، جنگلی لڑکا	رُڈیارڈ کپلنگ
زندگی کے چند سنہری اصول	ڈپٹی نذیر احمد
چوہے میاں کی شادی	رقیہ جعفری
مغلوں کی عظیم سلطنت	فہونا
سورج کے دیس سے	جونکو وتاسے
پیارے رسول ﷺ	حسین سحر
سپنوں کی وادی	حسین سحر
ننھا تیر انداز	حسین سحر
داتا گنج بخشؒ	ڈاکٹر محمد صدیق
ملا نصر الدین	سردار محمد خان عزیز
شہری دفاع اور پہلی طبی امداد	ممتاز لیاقت
ہم سب ہیں پاکستانی	حفیظ سرور
نشانِ حیدر	عاصم محمود
شہزادہ ایک دن کیلئے	مریم سلام
سفید ہرنی	ابصار عبدالعلی
خالی ہاتھ	ابصار عبدالعلی
سارا جہاں ہمارا	ابصار عبدالعلی
مایا	موکو ہاتو جو
باغیچہ	ناہید افضال

www.sangemeel.com
ISBN-10:969-35-2805-0
ISBN-13:978-969-35-2805-3
9789693528053